# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 11 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ساتویں اسمارٹ انڈیا ہیکیتھان کا آج سے آغاز- ملک بھر میں 86 ہزار سے زیادہ ٹیموں کی شرکت۔

☆ آئندہ تعلیمی سال سے، کامن یونیورسٹی داخلہ جاتی امتحان صرف کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹ موڈ میں ہی لیے جائیں گے۔

☆ راجیہ سبھا کے چیئر مین جگدیپ دھنکھڑ کے خلاف حزبِ اختلاف جماعتوں کی طرف سے تحریک عدم اعتماد کی تجویز پیش۔

☆ مسّاجوگ کے سابق سرپنچ کے قتل معاملے کا سخت ردّعمل- ایس ٹی مسافر بس نذرِ آتش۔

اور۔۔۔☆ بنگلہ دیش میں ہندو مخالف مظالم کے خلاف سکل ہندو سماج کے ریاست بھر میں احتجاجی مظاہرے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ساتویں اسمارٹ انڈیا ہیکیتھان کی آج سے شروعات ہو رہی ہے۔ ملک بھر کے 51 مراکز پر ان مقابلوں میں 86 ہزار سے زائد ٹیمیں شرکت کریں گی۔ مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان اس کا افتتاح کریں گے۔ اس میں مہاراشٹر کے ممبئی' پونے' ناگپور اور کولہاپور ان مراکز کا شمار ہے۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم نریندر مودی آج طلبہ سے خطاب کریں گے۔ اس سلسلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر کے جی این سپکاڑ انجینئرنگ کالج کی پروفیسر سیما رویندر باجی نے بتایا کہ اس سال کے ہیکیتھان میں تنظیمی سطح پر ڈیڑھ سو فیصد اضافہ درج کیا گیا ہے۔ مقابلے کیلئے بہت اچھا ردّعمل ملا ہے۔ اس سے طلبہ کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ آج کی دنیا میں مسائل کو حل کرنے کیلئے مضبوط ذہن کی ضرورت ہے۔

سیما باجی سمیت دیگر ماہرین کے مقابلوں سے متعلق فراہم کی گئی تفصیلی معلومات آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر مرکز سے آج صبح نشر ہونے والے خصوصی پروگرام پراسنگک میں صبح دس بجکر 45 منٹ پر سنی جاسکتی ہے۔

***** ***** *****

آئندہ تعلیمی سال سے کامن یونیورسٹی داخلہ ٹسٹ صرف CBT یعنی کمپیوٹر پر مبنی ٹسٹ کی شکل میں لیا جائے گا۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے چیئر مین ایم جگدیش کمار نے کل نامہ نگاروں کو یہ اطلاع دی۔ طلبہ کو اس امتحان میں صرف بارہویں کے امتحان کیلئے منتخب کردہ مضامین دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اس سے قبل 37 مضامین کے امتحانات ہوتے تھے۔ اب 63 مضامین کے امتحانات ہوں گے اور طلبہ زیادہ سے زیادہ پانچ مضامین کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ اس سے قبل طلبہ چھ مضامین کا انتخاب کرسکتے تھے۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے کہا کہ سائبر کرائم اور موسمیاتی تبدیلی انسانی حقوق کو درپیش نئے چیلنجز ہیں۔ وہ کل نئی دہلی کے وِگیان بھون میں انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ ڈیجیٹل دور تبدیلی کا باعث ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے سائبر جرائم، ڈیپ فیک، غلط معلومات اور رازداری کے خدشات جیسے مسائل کو بھی اُجاگر کیا۔

***** ***** *****

ممبئی کے راج بھون میں گورنر سی پی رادھا کرشنن کی موجودگی میں انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر مہاراشٹر اسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن کی یادگار 2024 شائع کی گئی۔

ایڈوکیٹ ابھئے ٹاکسال نے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹریٹ میں انسانی حقوق کے دِن کے موقع پر ایک لیکچر دیا۔ انھوں نے دوسرے لوگوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر فرد میں ذمہ داری کے شعور کو بڑھانے کی ضرورت پر اظہارِ خیال کیا۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے اپنے خطاب میں کہا کہ حقوقِ انسانیت کی آبیاری پہلے اپنے ہی گھر سے شروع کی جانی چاہیے۔

***** ***** *****

راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ کے خلاف کانگریس کی قیادت والی اپوزیشن اتحاد نے تحریکِ عدم اعتماد پیش کی ہے۔ کانگریس لیڈر جئے رام رمیش نے ٹوئیٹر پر معلومات دیتے ہوئے اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان کو ایوان میں بولنے کا موقع دینے سے انکار کرتے ہوئے چیئرمین پر تعصب کا الزام عائد کیا۔ انھوں نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اپوزیشن اتحاد کو جمہوریت کے تحفظ کیلئے یہ فیصلہ لینا پڑا ہے۔

دریں اثناء مختلف وجوہات کی بناء پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی پہلے دوپہر بارہ بجے تک اور پھر باقی دِن کیلئے ملتوی کردی گئی۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اس معاملے پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا اور ایوان سے قواعد پر عمل کرنے اور لوگوں کی رائے کا احترام کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

ریاستی الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ اسمبلی انتخابات میں وی وی پیٹ کی تصدیق سے متعلق تمام طریقۂ کار سے سختی سے عمل کیا گیا ہے۔ ہر اسمبلی حلقہ میں کسی بھی پانچ پولنگ اسٹیشنوں پر VV PAT بیلیٹ کی گنتی لازمی ہے۔ اس کے مطابق 23 نومبر کو ووٹوں کی گنتی کے دوران 288 حلقوں میں ایک ہزار 440 وی وی پیٹ یونٹس کی گنتی کی گئی اور وی وی پیٹ اور ووٹنگ مشینوں میں درج کُل ووٹوں میں کوئی فرق نہیں پایا گیا۔ کمیشن کے جاری کردہ خط میں یہ واضح کیا گیا۔

دریں اثناء کانگریس پارٹی نے کل رتنا گیری سے دستخطی مہم شروع کی؛ جس میں مطالبہ کیا گیا کہ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں پر پابندی عائد کی جائے اور آئندہ تمام انتخابات بیلیٹ پیپر کے ذریعے کروائے جائیں۔ اس موقع پر کانگریس پارٹی کے کارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بی جے پی کے رکنِ اسمبلی گوپی چند پڈ ڑکر اور رکنِ اسمبلی سدا بھاؤ کھوت کی موجودگی میں کل شولا پور ضلع کے مارکرواڑی میں ای وی ایم کا جلوس نکالا گیا۔ ان لیڈران نے کئی اپوزیشن لیڈروں بشمول سینئر لیڈر شرد پوار کے موقف پر تنقید کی؛ جنھوں نے ای وی ایم کی مخالفت کی۔

***** ***** *****

سابق گورنر ایس ایم کرشنا کا' کل بنگلورو میں ان کی رہائش گاہ پر ضعیف العمری کے باعث انتقال ہوگیا۔ وہ 92 برس کے تھے۔ کرشنا نے کرناٹک کے وزیرِ اعلیٰ اور مرکزی کابینہ میں وزیرِ خارجہ کے طور پر کام کیا۔ 2004 اور 2008 کے درمیان مہاراشٹر کے گورنر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کرشنا کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بھی کرشنا کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

***** ***** *****

کل کیج میں پیش آئے قتل معاملے کے شدید اثرات مرتب ہوئے۔ متعلقہ قاتلوں کو گرفتار کرنے کے مطالبے کیلئے راستے پر آئے ہجوم نے ریاستی ٹرانسپورٹ کی ایک بس نذرِ آتش کردی، جبکہ دوسری بس پر پتھراؤ کیا۔ اس حادثے میں کوئی بھی مسافر کے زخمی نہ ہونے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔ کیج تعلقے کے مسّا جوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے اغواء و قتل کا پرسوں انکشاف ہوا۔ اس معاملے میں پولس نے پانچ ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔ انچارج پولس سپرنٹنڈنٹ سچن پانڈکر نے کہا کہ مجرمین کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی، جبکہ عوام افواہوں پر دھیان نہ دیں۔

***** ***** *****

کل انسانی حقوق کے عالمی دِن کے موقع پر بنگلہ دیش میں ہندوؤں پر ہونے والی ناانصافیوں اور مظالم کے خلاف ہندو سماج کی جانب سے ریاست بھر میں ریلیاں نکالی گئیں۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو ایک مظاہرہ کیا گیا۔ بی جے پی رُکنِ اسمبلی اتل ساوے، ضلع صدر شریش بوراڑکر اور عہدیداروں نے ہندو تنظیموں کے ارکان کے ساتھ مارچ میں شرکت کی۔

ناندیڑ شہر سمیت کنوٹ اور مکھیڑ میں احتجاجی ریلیاں نکالی گئیں۔

جالنہ میں بھی کلکٹر دفتر پر مورچہ نکالا گیا اور ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ سمیت دیگر تحصیل دفاتر کے تحصیلداروں کو محضر پیش کیا گیا۔

پربھنی میں بھی ضلع کلکٹر دفتر پر مورچہ نکالا گیا۔ اس مورچے میں عوام کثیر تعداد میں شریک ہوئی۔ ہنگولی میں بھی ضلع کلکٹر دفتر پر مظاہرہ کیا گیا۔

لاتور شہر کے گاندھی چوک میں کیے گے مظاہرے میں طلبہ اور خواتین سمیت تمام ہی عمر کے افراد اور دیگر ہندو تنظیموں کے ارکان نے شرکت کی۔

بیڑ ضلع میں بھی ہندو سماج کی جانب سے مظاہرہ کیا گیا۔ امبہ جوگائی میں چھترپتی شیواجی مہاراج چوک میں مظاہرہ کیا گیا اور نائب ضلع کلکٹر کو محضر دیا گیا۔

دھاراشیو میں بھی ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو احتجاج کیا گیا۔ شہر کی مختلف سماجی تنظیمیں اور سیاسی پارٹیوں کے نمائندے اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

پربھنی میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے قدِ آدم مجسّمے کے روبرو دستورِ ہند کی شبیہ کو کچھ سماج دشمن عناصر کی جانب سے نقصان پہنچایا گیا۔ انتظامیہ نے قصوروار ملزم کو گرفتار کرلیا ہے اور ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے شہریوں سے امن برقرار رکھنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ساتویں اسمارٹ انڈیا ہیکیتھان کا آج سے آغاز- ملک بھر میں 86 ہزار سے زیادہ ٹیموں کی شرکت۔

☆ آئندہ تعلیمی سال سے، کامن یونیورسٹی داخلہ جاتی امتحان صرف کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹ موڈ میں ہی لیے جائیں گے۔

☆ راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ کے خلاف حزبِ اختلاف جماعتوں کی طرف سے تحریک عدم اعتماد کی تجویز پیش۔

☆ مسّا جوگ کے سابق سرپنچ کے قتل معاملے کا سخت ردّعمل- ایس ٹی مسافر بس نذرِ آتش۔

اور۔۔۔☆ بنگلہ دیش میں ہندو مخالف مظالم کے خلاف سکل ہندو سماج کے ریاست بھر میں احتجاجی مظاہرے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****